© rasailojaraid.com



# مسافرین آخرت

O۔۔ جناب بشیر احمد رضوانی: گذشتہ ماہ اوکاڑہ میں انتقال کر گئے۔ آپ مجلس احرار اسلام کے قدیم کارکن تھے۔ مجلس احرار اسلام کی دستور ساز کمیٹی (۱۹۶۲ء) کے رکن رہے اور اس سے قبل مجلس شوریٰ کے بھی رکن رہے آپ انتہائی مخلص اور زیرک آدمی تھے۔ جب تک جماعت میں رہے فعال کردار ادا کیا۔ اللہ تعالیٰ ان کی دینی خدمات قبول فرمائے اور مغفرت فرمائے (آمین)

O۔۔ سید عبدالرشید شاہ صاحب: دو ماہ قبل آپ رحلت فرما گئے۔ مدرسہ فاروقیہ بہاولپور کے روح رواں اور دین کی خدمت کا جذبہ رکھنے والے ایک دردمند مسلمان تھے۔ قرآن کریم کی تعلیم عام کرنے اور اسے تجوید و قرات کے ساتھ پڑھانے کا خاص ذوق رکھتے تھے۔ جس کا عملی مظاہرہ آپ کا مدرسہ ہے۔ جو صدقہ جاریہ ہے۔

O۔۔ محبوب بھٹہ صاحب: ہمارے دیرینہ کرم فرماؤں اور مخلصین میں سے تھے۔ ملتان میں کچہری روڈ پر رہائش پذیر تھے۔ شوگر اور عارضہ قلب کے باعث گذشتہ ماہ وفات پا گئے۔

O۔۔ عبدالرشید خان: دو ماہ قبل عارضہ قلب کی وجہ سے انتقال ہوا۔ ۱۹۶۲ء میں مجلس احرار اسلام کا احیاء ہوا تو ملتان میں جن نوجوانوں نے جانشین امیر شریعت حضرت سید ابوذر بخاری مدظلہ کی آواز پر لبیک کہا آپ ان میں سے ایک تھے۔ ایک بہادر اور جری کارکن کی حیثیت سے اس وقت جماعت کے لئے زبردست کام کیا۔ ہنس مکھ، ملنسار اور محبت کرنے والے انسان تھے۔ آجکل مسلم کمرشل بینک میں ملازم تھے۔

O۔۔ مجلس احرار اسلام ملتان کے کارکن جناب عبدالستار صاحب کی بھابھی صاحبہ گذشتہ دنوں انتقال کر گئیں۔

O ملتان میں ہمارے مہربان اور نشتر ہسپتال کے معروف ڈاکٹر محترم فضل الرحمٰن صاحب کی والدہ ماجدہ رحلت فرما گئیں۔

O مجلس احرار اسلام گوجرانوالہ کے انتہائی مخلص اور قدیم کارکن محترم حاجی **محمد اسلم** صاحب (کبابوں والے) ساکن محلہ شالباقاں اکتوبر کے پہلے عشرہ میں انتقال فرما گئے۔

O ملتان میں مجلس احرارِ اسلام کے کارکن محترم ملک منیر عباس کے والد محترم ۱۰ اکتوبر کو وفات پا گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کی مغفرت اور بلندی درجات کے لئے دعاؤں کا خاص اہتمام فرمائیں۔ اراکین ادارہ تمام مرحومین کے لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور مغفرت کی دعا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ انہیں اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرما۔ (آمین)

© rasailojaraid.com